فوری ریلیز کے لیے: 3/4/2023

گورنر ***KATHY HOCHUL***

## ***گورنر HOCHUL کی جانب سے CUNY اپرنٹس شپ پیشکشوں میں 2$ ملین کی توسیع کا اعلان***

### ***اپرنٹس شپ پروگرام تین گنا ہوں گے اور ان تمام 10 CUNY کالجوں میں شروع ہوں گے جو نیو یارک جابز سی ای او کونسل کے تعاون سے ایسوسی ایٹ ڈگریاں پیش کرتے ہیں***

### ***اپرنٹس شپ پروگرام میں طلباء و طالبات کو ادائیگی کی جائے گی، وہ کورس کریڈٹ حاصل کریں گے اور کام کا عملی تجربہ حاصل کریں گے***

گورنر Kathy Hochul نے آج سٹی یونیورسٹی آف نیو یارک میں سنہ 2023 کے موسم خزاں کے سمسٹر سے شروع ہونے والی ایسوسی ایٹ ڈگریوں کے لیے 12 اپرنٹس شپ پروگراموں کو شامل کرنے کے لیے 2$ ملین کی ریاستی سرمایہ کاری کا اعلان کیا ہے، جو کہ CUNY کی جانب سے طلب والی صنعتوں میں کریڈٹ اپرنٹس شپ کی پیشکش کی ایک بڑی توسیع ہے۔ یہ اضافہ پانچ موجودہ اپرنٹس شپ پروگراموں پر مشتمل ہے جو سافٹ ویئر انجینئرنگ، مشاورت، مالیات، رسک مینجمنٹ اور سائبر سیکیورٹی میں CUNY ایسوسی ایٹ ڈگری پروگراموں میں شامل ہیں۔

**گورنر Hochul نے کہا،** "اپرنٹس شپس اچھی تنخواہ والے، مؤثر پیشہ ورانہ زندگی کے لیے ایک اہم لانچنگ پیڈ ہیں اور ہمیں CUNY کے طلباء و طالبات کے لیے ایک مضبوط پروگرام بنانے پر فخر ہے۔ 2$ ملین کی اس اضافی سرمایہ کاری کے ساتھ، ہم ایسوسی ایٹ ڈگری پروگراموں کے لیے اپرنٹس شپ پروگراموں کو وسیع کرنے اور ریاست بھر میں نیو یارک کے مکینوں کے لیے نئے مواقع کھولنے کے قابل ہو گئے ہیں"۔

نئی اپرنٹس شپ پیشکشیں تمام 10 CUNY کالجوں میں شروع ہوں گی جو ایسوسی ایٹ ڈگریاں پیش کرتے ہیں؛ سات CUNY کمیونٹی کالجوں کے علاوہ، کالج آف سٹیٹن آئی لینڈ، میڈگر ایورز کالج اور نیو یارک سٹی کالج آف ٹیکنالوجی میں دو سالہ ڈگریاں پیش کی جاتی ہیں۔ اپرنٹس شپ کی میزبانی کرنے والے آجر طلباء و طالبات کو ادائیگی کریں گے، اور طلباء و طالبات کورس کے نو کریڈٹس حاصل کریں گے۔

**سٹی یونیورسٹی آف نیو یارک کے چانسلر Félix V. Matos Rodríguez نے کہا،** "نوجوانوں کے لیے عملی میدانوں میں داخل ہونے کے لیے اپرنٹس شپس ہمیشہ سے ایک بہترین راستہ رہا ہے، جو انہیں اس وقت تک کام کرنے کی پیشکش کرتا ہے جب تک کہ وہ بغیر مدد کے کام کرنے کے لیے تیار نہ ہو جائیں۔ طلباء و طالبات کو کمرۂ جماعت سے باہر کام کی جگہ سے پہلے سے کہیں زیادہ تجربے اور روابط کی ضرورت ہوتی ہے تاکہ جب ان کی تعلیم ختم ہو جائے تو ان کے پاس پیشہ ورانہ زندگی کے لیے واضح راستے ہوں۔ میں اپنے طلباء و طالبات میں سرمایہ کاری کرنے کے لیے گورنر Hochul کا شکر گزار ہوں، اور ہم ان آجروں کو سراہتے ہیں جو ہمارے طلباء و طالبات کو دو سالہ ڈگری پروگراموں میں اپنے دفاتر میں زیادہ طلب والی ملازمتوں کے لیے خوش آمدید کہتے ہیں جبکہ ہم اپنی افرادی قوت کو مضبوط کرنے کے لیے تعاون کر رہے ہیں"۔

طلباء و طالبات کو JPMorgan Chase, EY, Citi, American Express, Deloitte, AIG, Mastercard اور Wells Fargo جیسی کمپنیوں میں رکھا جائے گا، جو سبھی نیو یارک جابز سی ای او کونسل کا حصہ ہیں۔ جابز

کونسل شہر کے کچھ بڑے آجروں کے سی ای اوز کا اتحاد ہے جس کا مقصد نیو یارک کے کم آمدنی والے اور متنوع 100,000 مکینوں - بشمول CUNY 25,000 طلباء و طالبات اور فارغ التحصیل افراد - کو دہائی کے آخر تک ملازمت دینا ہے۔

**نیو یارک سٹی کے میئر Eric Adams نے کہا،** "CUNY کے فارغ التحصیل کے طور پر، مجھے معلوم ہے کہ یہ ادارہ نیو یارک کے مکینوں کو کتنے مواقع فراہم کرتا ہے۔ اپرنٹس شپ پروگرام طلباء و طالبات کو حقیقی دنیا کی مہارتیں اور تجربات فراہم کرتے ہیں جو ان کی دلچسپیوں کو فروغ دینے میں مدد کرتے ہیں اور انہیں روشن مستقبل کی راہ پر گامزن کرتے ہیں۔ CUNY کے اپرنٹس شپ پروگرام میں گورنر Hochul کی $2 ملین کی سرمایہ کاری کے ساتھ، تمام طلباء و طالبات، خصوصاً ہمارے سیاہ فام اور ایشیائی طلباء و طالبات، کو مالیات، ٹیکنالوجی اور دیگر شعبوں میں اچھی تنخواہ والی ملازمتیں تلاش کرنے کا زیادہ موقع ملے گا"۔

**نیو یارک جابز کی سی ای او کونسل کی ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Kiersten Barnet نے کہا،** "یہ پروگرام طلباء وطالبات اور آجر دونوں کے لیے کایا پلٹ رہے ہیں۔ طلباء و طالبات کو کام پر مبنی سیکھنے کے مواقع ملتے ہیں جو مسابقتی داخلے کی سطح کے کرداروں میں براہِ راست راستوں کے طور پر دوگنا ہو جاتے ہیں۔ آجروں کی ہنر کے وسیع تر مجموعے تک رسائی ہوتی ہے جو ہمارے شہر کے بھرپور تنوع کی عکاسی کرتا ہے"۔

**بورو آف مینہیٹن کمیونٹی کالج کے طالب علم Benjamin Abraham** — جو پہلے ہی پیشہ ورانہ خدمات کی فرم EY میں اپرنٹس شپ میں حصہ لے چکے ہیں — نے کہا، "نیٹ ورکنگ بہت مددگار ثابت ہوئی ہے، جہاں ہم صرف ہالوں میں کسی شخص سے رابطہ کر سکتے ہیں اور ان سے ان کے خدمات کے شعبوں کے متعلق پوچھ سکتے ہیں، اس کام کے بارے میں جو وہ کر رہے ہیں۔ اتنی بڑی کمپنی میں آنا ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے بہت بڑا پہاڑ چڑھنا ، لیکن انتہائی منکسر المزاج ٹیم کے ساتھ ایک خوشگوار تجربہ رہا ہے"۔

EY میں Abraham اور ان کے ساتھی اپرنٹس ہفتے کے چار دنوں میں پروگرام کے سہولت کاروں کے ساتھ بیٹھتے ہیں جب وہ سائٹ پر ہوتے ہیں۔ مخصوص ٹیموں میں شامل ہونے کے علاوہ، اپرنٹس کو ہفتے میں کم از کم ایک بار مہمان مقررین کے ذریعے ملتے ہیں؛ ان سے ملنے والے سینئر رہنماء اس بارے میں بات کرتے ہیں کہ انہوں نے اپنی پیشہ ورانہ زندگی میں کس طرح ترقی کی ہے اور اپنی صنعتوں کے بارے میں لیکچر دیتے ہیں۔

**EY میٹرو نیو یارک دفتر کی مینیجنگ پارٹنر Alysia Steinmann نے کہا،** "نیو یارک کے ایک بڑے آجر کے طور پر، کالج اپرنٹس شپ کو اپنانا چشم کشا رہا ہے، جس نے ہمیں اپنے ملازم بھرتی کرنے کے موجودہ معیار کو للکارنے اور یہ سوال پوچھنے پر مجبور کیا ہے کہ، کچھ کرداروں کے لیے، ہمیں چار سالہ کالج ڈگری کیوں درکار ہے۔ ہماری تیزی سے بدلتی ہوئی دنیا میں، ہمیں فوری طور پر نئی ٹیکنالوجیز کو لازماً اپنانا چاہیے، اور ہمیں اس سوچ کو ملازمت دینے میں بھی لانا چاہیے۔ CUNY سکولوں کے ہنر مند طلباء و طالبات کو شامل کرنے کے لیے اپنی خدمات حاصل کرنے کی پائپ لائن کو وسعت دے کر، ہم ایک وسیع تر اور متنوع صلاحیتوں کے مجموعت تک رسائی حاصل کرنے میں کامیاب ہوئے جو کہ واضح طور پر، ہماری توقعات سے زیادہ ہے"۔

اس توسیع سے سینکڑوں طلباء و طالبات کے لیے اپرنٹس شپس پیدا ہوں گی۔ ان میں سے زیادہ تر اطلاقی سائنس (associate of applied science, AAS) ڈگری پروگراموں سے وابستہ ہیں، دو سالہ پروگرام جو طلباء و طالبات کو فارغ التحصیل ہونے کے بعد براہ راست پیشے میں داخل ہونے کے لیے تیار کرنے کے لیے تیار کیے گئے ہیں، زیادہ بنیادی ایسوسی ایٹ ڈگری کے مقابلے میں جو روایتی طور پر طلباء و طالبات کو بیچلر ڈگری پروگرام میں منتقل کرنے کا باعث بنتا ہے۔

CUNY نے اپنے طلباء و طالبات اور فارغ التحصیل ہونے والوں کے لیے افرادی قوت کی ترقی کے اقدامات کی توسیع کو ترجیح دی ہے۔ ایسی کوششوں میں CUNY مشمولہ اقتصادی پہل کاری میں $16 ملین کی سرمایہ کاری کے ساتھ بڑھتی ہوئی سرکاری و نجی شراکت داریاں؛ مالیات میں CUNY فیوچرز کے ذریعے مالیاتی پیشے کے لیے طلباء و طالبات کی تربیت؛ اور موسم گرما میں CUNY کیریئر لانچ کے ذریعے طلباء و طالبات کو سرکاری شعبے اور غیر منفعتی ملازمتوں میں جگہ دینا شامل ہیں۔ چانسلر Matos Rodríguez اس وقت شہر کی مزدوروں کا

مستقبل ٹاسک فورس کے شریک چیئر کے طور پر خدمات انجام دے رہے ہیں، جسے میئر Adams نے افرادی قوت کی تعمیر کے طریقے تلاش کرنے، بشمول اپرنٹس شپ کے مواقع کو بڑھانے کا چارج دیا تھا۔

###


اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں